صوابی ایوان صنعت وتجارت

Ref No: SCCI -2026/ EC0426 Date: 03-07-2026

MINUTES OF THE MEETING

OF THE EXECUTIVE COMMITTEE, THE SWABI CHAMBER OF COMMERCE AND INDUSTRY HELD ON 02nd July 2026 AT 05:00 p.m. IN THE ABDUR REHMAN FARM HOUSE, GHAZI.

ایوان صنعت وتجارت صوابی کی ایگزیکیٹو کمیٹی کا اہم اجلاس عبدالرحمان فارم ہاؤس غازی میں 2 جولائی 2026 بروز جمعرات کو منعقد ہوا۔ اجلاس کی صدارت ایوان کے صدر جناب فضل رحیم جدون صاحب نے کی اور اہم اجلاس میں ایوان صنعت وتجارت صوابی کے اہم امور کی منظوری حاصل کی گئی۔ اہم اجلاس میں اراکین مجلس عاملہ ومرکزی فنانس وانتظامی کمیٹی کے اراکین نے گدون انڈسٹریلسٹ ایسوسی ایشن کے عہدیداران کے ہمراہ شرکت کی۔

اجلاس کی کاروائی

اجلاس کی باقاعدہ کاروائی کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا۔ اس موقع پر اجلاس میں شریک سینئر نائب صدر وممبر رکن جناب فضل امین صاحب نے تلاوت کلام پاک کا شرف حاصل کیا۔ اہم اجلاس ممبر ایگزیکیٹو کمیٹی جناب اجون خان جدون کے تعاون کی بدولت منعقد کیا گیا جس پر اجلاس کے آغاز میں ہی صدر مجلس نے ادارے کے لیے انکی کاوشوں کو سراہا۔ صدر صوابی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی اجازت سے اجلاس کی باضابطہ کاروائی کو کا باقاعدہ آغاز کیا گیا۔

اجلاس کے آغاز پر صدر مجلس نے گزشتہ ماہ کی ایوان کی کارکردگی رپورٹ پیش کی اور اہم مکمل امور پر تفصیلات سے آگاہ کیا، متفقہ طور پر ایوان کی کارکردگی کو سراہا گیا اور ممبران نے تمام مکمل امور پر عمومی تبادلہ خیال میں بھرپور حصہ لیا۔

01:۔ منظوری ممبران الیکشن کمشن برائے مدت دوسالہ 2026-28:۔

اجلاس میں صوابی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے جنرل الیکشن برائے مدت دوسال 2026-28 کے لیے مختلف ناموں پر غور کیا گیا اور تمام ناموں پر غور کے بعد ممبران ایگزیکٹو کمیٹی نے متفقہ منظوری سے مندرجہ ذیل نام منظور کئے۔

1۔ جناب شاہداللہ، میسرز شاہد پریٹ کلیکشن۔
2۔ جناب عادل خان، میسرز چنیر زاینڈ پلاسٹک پراڈکٹس۔
3۔ جناب باسط مظہر علی۔ میسرز مظہر علی خان اینڈ کو۔

02 منظوری الیکشن شیڈیول برائے مدت دوسالہ 2026-28:۔

اجلاس کے شرکاء نے ایوان کے سیکرٹری جنرل کی جانب سے پیش کردہ الیکشن شیڈیول کی متفقہ منظوری دی۔ الیکشن شیڈیول منظوری کے آئندہ دوروز کے بعد 04 جولائی 2026 کو ایوان کے نوٹس بورڈ، ویب سائٹ پر شائع کردیا جائے گا اور اسکی کاپی ریگولیٹر ٹریڈ آرگنائزیشن کو جاری کردی جائے گی اور اس کے ساتھ ہی جنرل الیکشن سال 2026-28 کی سرگرمیوں کا آغاز ہوجائے گا۔

اہم اجلاس الیکشن کے عمومی امور پر منظوری کے ساتھ اختتام پزیر ہوا اور صدر مجلس نے تمام ممبران کا اہم اجلاس میں شرکت پر شکریہ ادا کیا۔

☆☆☆☆☆☆☆